1989ء سے مسلسل اشاعت

10 تا 16 مارچ 2023 | شمارہ نمبر 11 | جلد نمبر 35

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp





BMG

بزنس مین پینل

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

بزنس مین گروپ

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on Golden Coin Pindo Art Card.190 Gsm. Contact for Booking **IBM:111-426-725**

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




# SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS



IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER



SINARSPECTRA
premium colour paper



spectra color
premium color paper

## PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA, PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE, PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

## CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |



## QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER
Sinar Tech



SINARSPECTRA
COLOR CUBE



## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس
کراچی

اشاعت: بروز جمعہ

**پبلشر حرا رؤف**
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا

**رابطہ افس**
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**
**ایڈیٹوریل بورڈ**
پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت 100 روپے


# 50 لاکھ سے کم کے پی ٹی کے ڈیمرج چارجز معاف ہو گئے، سلیمان چاؤلہ

## 50 لاکھ سے زائد کے چارجز کی معافی اسٹیٹ بینک کی منظوری سے مشروط، نجی ٹرمینلز کے بارے میں ابہام برقرار

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سلیمان چاؤلہ سینئر نائب صدر فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹریز نے کہا ہے کہ وہ ایڈیشنل فنانس سیکریٹری اور وزیر خزانہ کے مالیاتی امور کے مشیر ذوالفقار یونس سے بات چیت کے بعد تمام درآمد کنندگان کو بمسرت اطلاع دے رہے ہیں کہ حکومت پاکستان نے کے پی ٹی سے متعلق 50 لاکھ روپے سے کم مالیت کے ڈیمرج چارجز وزارت میری ٹائم افیئرز نے معاف کر دیئے ہیں اور اس سے زائد مالیت کے ڈیمرج چارجز اسٹیٹ بینک سے منظوری سے مشروط ہوں گے۔ تاہم درآمد کنندگان بدستور نجی ٹرمینلز آپریٹرز ایس اے پی ٹی، کے آئی سی ٹی ایل، پی آئی سی ٹی اور پورٹ قاسم (ڈی پی ورلڈ) کے ڈیمرج اور ڈیٹنشن چارجز کے بارے میں مشکلات کا شکار ہیں جبکہ پاکستان کی درآمدات کی اکثریت انہی نجی ٹرمینلز کے ذریعے ہوتی ہے۔

## ٹشو پیپر کی ویلیوایشن کے تعین کیلئے اجلاس 16 مارچ کو طلب

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈپٹی ڈائریکٹر کسٹم ویلیوایشن ڈپارٹمنٹ قرۃ العین رامے نے فیشیل ٹشو پیپر (باکسز)، ٹوائلٹ ٹشو/ کچن، ٹشو/ ہینڈ ٹاول/ نیپکن ٹشو اور ٹشو پیپر جمبو رول کی نئی ویلیوایشن کے تعین کے لیے ایک اجلاس 16 مارچ بروز جمعرات کو طلب کرلیا ہے اجلاس میں تمام شرکا فریقین سے گزشتہ تین ماہ کا ڈیٹا فراہم کرنے کا کہا گیا ہے۔ اجلاس میں مندرجہ ذیل فریقین کو مدعو کیا گیا ہے۔ جس میں ایف پی سی سی آئی کی ویلیوایشن کمیٹی کے چیئرمین، کراچی چیمبر کی ویلیو ایشن کمیٹی کے چیئرمین، چیئرمین آل پاکستان کسٹم ایجنٹس ایسوسی ایشن، صدر لاہور چیمبر، صدر اسلام آباد چیمبر اور آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے علاوہ بیکیا انڈسٹریز پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، ہیلتھ اینڈ ہائی جین پروڈکٹس کراچی، حیات کیمیا پاکستان پرائیوٹ لمیٹڈ لاہور، فائن ویل نیس پاکستان پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، کنورٹرز انٹرنیشنل کراچی، اے بی سی ہائی جین انڈسٹریز پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، برکوئی کارپوریشن کراچی، پروگریسیو انٹرنیشنل کراچی، اسٹینڈرڈ برانڈز پرائیوٹ لمیٹڈ لاہور، ٹرائی اسٹار انڈسٹریز پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، الرحمن بزنس انٹرنیشنل کراچی، کائزین انڈسٹریز کراچی، ایڈ لنک انٹر پرائزز لاہور، نوزومی مینوفیکچرنگ پاکستان پرائیوٹ لمیٹڈ لاہور، المو امپیکس لاہور، ورق پیکیجز پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، رحمن امپیکس لاہور، انٹرا ٹریڈرز کراچی، اے ایم زیڈ انٹرنیشنل لاہور اور جنرل ایسوسی ایٹس لاہور شامل ہے۔

## اسٹیکر پیپر کی ویلیوایشن کے تعین کیلئے اجلاس 13 مارچ کو طلب

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈپٹی ڈائریکٹر کسٹم ویلیوایشن ڈپارٹمنٹ قرۃ العین رامے نے سیلف ایڈہیسو اسٹیکر پیپر کی نئی ویلیوایشن کے تعین کے لیے ایک اجلاس 13 مارچ بروز پیر کو طلب کرلیا ہے جس میں تمام شرکا فریقین سے گزشتہ تین ماہ کا ڈیٹا فراہم کرنے کا کہا گیا ہے۔ اجلاس میں مندرجہ ذیل فریقین کو مدعو کیا گیا ہے۔ جس میں ایف پی سی سی آئی کی ویلیوایشن کمیٹی کے چیئرمین، کراچی چیمبر کی ویلیوایشن کمیٹی کے چیئرمین، چیئرمین آل پاکستان کسٹم ایجنٹس ایسوسی ایشن، صدر لاہور چیمبر، صدر اسلام آباد چیمبر اور آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے علاوہ ڈان کنورٹیک پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، اسٹار کنورٹیک پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، سلمان پیپر پروڈکٹس پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، افتخار احمد لاہور، انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کراچی، پی سی ایل لیبلز پاکستان پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، اے بی سعید پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، کوڈا بار پرائیویٹ لمیٹڈ لاہور، مدنی پیپر مارٹ لاہور، سی پی پی سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، انٹرلنک انجینئرنگ کراچی، سی پی پی سروسز پرائیوٹ لمیٹڈ کراچی، میکسم وی انٹرنیشنل لاہور، ایف ایم ٹریڈرز کراچی، یونس اینڈ سنز پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، ٹیک اسٹور لاہور، ڈیلکس پیکیجز پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، پاپولر فوڈ انڈسٹری پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، عمارہ کمرشل پرنٹر پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، لیبل ایکسپرٹ کراچی، کوشر پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، پاک پولی انڈسٹریز لاہور، ایم کامل سنز پرائیویٹ لمیٹڈ کراچی، پاکستان پیپر پروڈکٹ لمیٹڈ کراچی، امپیکس ایجنسیز کراچی، ڈان پیپر مارٹ کراچی اور ٹریڈ انٹرنیشنل لاہور شامل ہیں۔

## اپیما کے ممبران کو ممبرشپ کی تجدید کرانے کی ہدایت

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے تمام ممبران کو ہدایت کی ہے کہ وہ اپنی ممبرشپ کی تجدید 31، مارچ 2023 تک کروالیں تاکہ انہیں ممبرشپ کے حوالے سے کسی بھی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ کے تحت ممبرشپ کی تجدید کرانے کی آخری تاریخ 31، مارچ مقرر ہے۔ سالانہ ممبرشپ کی تجدید کے حوالے سے پہلے ہی ممبران کو بل ارسال کیے جاچکے ہیں جن میں ممبران کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ سال 24-2023 کے لیے اپنی سالانہ ممبرشپ کی تجدید کے عمل کو مقررہ تاریخ تک مکمل کرلیں۔ ممبرشپ کی تجدید کے لیے مقررہ فیس کے ہمراہ انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانا لازمی ہوگا۔ ایسوسی ایٹ کلاس کی ممبرشپ فیس 1000 روپے اور کارپوریٹ کلاس کی فیس 2500 روپے، جبکہ ممبرشپ کارڈ کے لئے 200 روپے علیحدہ سے ادا کرنے ہوں گے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# زرمبادلہ کا بحران، درآمدی کتابوں کی کمی سے کیمبرج کے طلبا پریشان

## درآمدی اشیا کی فہرست سے کتابیں باہر پبلشرز کا اسٹیٹ بینک و وزیر خزانہ کو خط، دسمبر سے کوئی کتاب پاکستان نہیں آئی، عزیز خالد، ناصر حسین

کراچی (پیپر بزنس نیوز) وفاقی حکومت کی جانب سے دیگر اشیا کے ساتھ ساتھ کتابوں کی درآمد پر پابندی اور نجی بینکوں کی جانب سے ایل سی نہ کھولنے کے سبب کراچی سمیت ملک بھر میں درآمد شدہ کتابوں کی بدترین کمی ہوئی ہے ان کتابوں میں درسی و غیر درسی دونوں طرح کی کتابیں شامل ہیں اور دستیاب تاریخ میں ایسا پہلی بار ہوا ہے کہ جب پاکستان میں غیر ملکی رائٹرز کو پڑھنے والے ان کی کتابوں کے مطالعہ سے محروم ہیں دوسری جانب کتابوں کی درآمدات پر پابندی کے سبب سینکڑوں کیمبرج اسکولوں اور کالجوں میں پڑھنے والے ہزاروں طلبہ کے لیے آئندہ سیشن میں درآمد شدہ کتابیں بھی دستیاب نہیں ہوں گی کیونکہ ان کتابوں کی درآمد بھی مکمل طور پر رکی ہوئی ہے، اے اور او لیول کے طلبا پریشان ہیں، اس پیچیدہ صورتحال پر پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن نے اسٹیٹ بینک اور وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار کو خطوط لکھنے کا سلسلہ شروع کر دیا ہے اور کہا ہے کہ اگر اس معاملے کا فوری نوٹس نہ لیا گیا تو پاکستانی طلبہ اور عام قاری مکمل طور پر غیر ملکی نصابی و غیر نصابی لٹریچر سے محروم ہونے جا رہا ہے، پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عزیز خالد نے درآمدی کتابوں پر پابندی سے پیدا ہونے والی صورتحال کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ گذشتہ کئی ہفتوں سے پاکستان میں کسی بھی ملک سے کتابیں درآمد نہیں ہوسکی ہیں، پبلشرز اور بک سیلرز کے پاس ہر طرح کی درآمدی کتابوں کا ذخیرہ ختم ہو چکا جس کے بعد ایسوسی ایشن نے اس معاملے پر کتابیں درآمد کرنے والے پبلشرز کی کمیٹی قائم کی ہے اس کمیٹی نے معاملے پر اسٹیٹ بینک کو خط لکھ کر معاملے کی سنگینی سے آگاہ کیا، عزیز خالد کا کہنا تھا کہ درسی کتابوں میں جامعات کی سطح پر انجینئرنگ، میڈیکل، لا اور کمپیوٹر سائنس کی کتابیں درآمد کی جاتی ہیں، اے اور او لیول کی نصابی کتب کے ایڈیشن کی ہزاروں کتابیں اس کے علاوہ ہیں جو اب ناپید ہیں، واضح رہے کہ نجی بینکوں کی جانب سے ایل سی نہ کھولنے کے سبب بھی دیگر اشیا کی طرح کتابوں کے کنٹینرز بھی پورٹ پر کھڑے ہونے کی اطلاعات ہیں جبکہ غیر ملکی پبلشرز نے اس صورتحال کو دیکھتے ہوئے اب نئے درآمدی آرڈر پیشگی ادائیگیوں کی صورت میں ہی لینے کا عندیہ دیا ہے، اس صورتحال سے کتابیں درآمد کرنے والی ملکی کاروباری طبقے کو بھی شدید دھچکا لگا ہے، غیر ملکی کتابیں درآمد کرنے والے پبلشر مارکیٹنگ ایسوسی ایٹ (پی ایم اے) کے ڈائریکٹر ناصر حسین نے ایکسپریس کو بتایا کہ تعلیم حکومت کی ترجیحات میں شامل نہیں اس بات کا اندازہ یوں لگا سکتے ہیں کہ وفاقی حکومت نے درآمدی اشیا کی ضروری اور غیر ضروری فہرست جاری کی ہے اس میں کتابوں کا کہیں بھی تذکرہ نہیں ہے انھوں نے بتایا کہ بینکوں کو درآمدات کے حوالے سے کوئی واضح پالیسی ہی نہیں دی گئی لہذا بینک ایل سی کھولنے کو تیار نہیں گزشتہ دسمبر سے کوئی کتاب پاکستان نہیں آئی،



ناصر حسین کا کہنا تھا کہ کتابوں کی درآمد کم از کم تین ماہ کا عمل ہے اب فروری ختم ہو رہا ہے اگر اب بھی اس سے پابندی نہیں اٹھائی گئی تو آئندہ سیشن کے لیے اے اور او لیول کی سطح پر کتابیں موجود نہیں ہوں گی، ان کا کہنا تھا کہ ہم معاملے کی سنگینی اور سنجیدگی کا احساس دلانے کے لیے وفاقی وزیر خزانہ اسحاق ڈار کو بھی خط لکھ رہے ہیں، واضح رہے کہ درآمدی کتب پر پابندی یا اسے کنٹرول کرنے کے سبب مقامی سطح کی درسی و غیر درسی پبلیکیشن بھی اثر انداز ہوئی ہے اور مقامی سطح پر کاغذ تیار کرنے والی صنعت نے کاغذ کی قیمت بڑھا دی ہے جبکہ دباؤ بڑھنے سے کاغذ کی پروڈکشن ست ہوئی ہے اور مقامی سطح پر تیار کہ جانے والی کتابیں بھی شائع نہیں ہو پا رہی ہیں اس سلسلے میں لبرٹی بک کے چیئرمین سلیم حسین کا کہنا ہے حکومت نے ضروری اشیا کی فہرست سے کتابوں کو نکال کر اس کی امپورٹ کو کنٹرول کیا ہے جبکہ کتابوں کی امپورٹ پاکستان کی مجموعی درآمد کا صرف 0.26 فیصد ہے اسی سلسلے میں پیراماؤنٹ بک کے چیئرمین زین العابدین کا کہنا تھا کہ اس وقت سب سے زیادہ پڑھی جانے والی میڈیکل اور اے اور او لیول کی کتابیں مفقود ہیں جبکہ ہم لائبریریز کو غیر نصابی کتابیں بھی نہیں دے پا رہے ہیں اسکولوں سے مسلسل کتابوں کی مانگ آ رہی ہے لیکن اسٹیٹ بینک کی جانب سے کلیئر پالیسی نہ ہونے کے سبب ہم لائبریریز یا اسکولوں کو کتابیں نہیں دے پا رہے ہیں۔

# وفاقی حکومت کو سیلز ٹیکس کی شرحوں میں تبدیلی کا اختیار ہے

## سیلز ٹیکس کی نئی شرح میں اضافے سے پیدا شدہ ابہام دور کرنے کیلئے ایف بی آر کی وضاحت

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے گذشتہ روز کہا کہ ٹیکس ٹو جی ڈی پی کے تناسب میں اضافے کے لیے سیلز ٹیکس کی معیاری شرح کو بڑھا کر 18 فیصد کر دیا گیا ہے۔ ایف بی آر نے سرکلر نمبر 01 مورخہ 28 فروری 2023 کے ذریعے منی بجٹ کے ذریعے لائی گئی بڑی تبدیلیوں کی وضاحت کی۔ ایف بی آر کے مطابق، مالی فرق کو کم کرنے اور ٹیکس ٹو جی ڈی پی کے تناسب کو بڑھانے کے لیے سیلز ٹیکس کی معیاری شرح 17 فیصد سے بڑھا کر 18 فیصد کر دی گئی ہے۔ سیلز ٹیکس کو بڑھانے کے اختیار کے حوالے سے ابہام کو دور کرنے کے لیے، ایف بی آر نے مزید کہا: سیلز ٹیکس ایکٹ، 1990 کے سیکشن 3(2)(b) کی شق کے مطابق وفاقی حکومت کو ٹیکس کی شرح میں اضافہ کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔ ایکٹ کے سیکشن 3 کی ذیلی دفعہ (2) کی شق (a) میں تبدیلی کے اندراج کے ذریعے تیسرے شیڈول کے دائرہ کار میں آنے والے سامان پر سیلز ٹیکس کی نئی شرح لاگو ہوگی، سرکلر کے مطابق، آٹھویں شیڈول میں ٹیبل 1 کے سیریل نمبر 47 اور 56 کو سیلز ٹیکس کی معیاری شرح میں اضافے کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے۔ اسی طرح، امپورٹڈ موبائل فونز (CBU) جن کی قیمت US$200 اور اس سے زیادہ ہے ان پر نویں شیڈول کے ٹیبل-2 کے تحت 17 فیصد کی شرح سے سیلز ٹیکس عائد کیا جاتا ہے۔ جبکہ 201$ سے 500$ کی قیمت والے موبائل فون پر سیلز ٹیکس کی شرح 18 فیصد اور 501$ اور اس سے زیادہ کی قیمت والے موبائل فون پر سیلز ٹیکس کی شرح 25 فیصد لاگو ہوگی۔ مقامی طور پر تیار کردہ موبائل فونز اور 200 امریکی ڈالر سے کم قیمت کے درآمدی موبائل فونز پر سیلز ٹیکس کے نظام میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔


## لاہور پیپر مارکیٹ میں دکانداروں کو کیمرہ لگانے کی ہدایت

لاہور (پیپر بزنس نیوز) صدر اپیما ناردرن زون حسن رضا شیخ نے ایک سرکلر کے ذریعے اراکین سے کہا ہے کہ مارکیٹ میں مختلف وارداتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اور حکومت پنجاب کی ہدایات پر انتظامیہ نے تمام دوکانوں پر کیمرہ لگوانے کی ہدایات جاری کیں ہیں تا کہ ہر قسم کا تحفظ ممکن ہو سکے۔ فوری طور پر آپ باہم ملکر یا انفرادی طور پر کیمروں کا بندوبست کریں تا کہ نہ صرف آپ کا اپنا تحفظ ممکن ہو سکے بلکہ اجتماعی طور پر ہم کسی بھی قسم کی ہنگامی حالت سے بچ سکیں اور انتظامیہ کو کاروائی کا جواز بھی میسر نہ آئے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# لاہور ۔ IBM کے عشائیہ میں ننگبو کی Ms. Crissy کی خصوصی شرکت















انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کی جانب سے گذشتہ دنوں لاہور میں APP گروپ کی ننگبو زونگوا پیپر کمپنی اور ننگبو ایشیا پلپ اینڈ پیپر کمپنی کے انٹرنیشنل ٹریڈ ڈپارٹمنٹ کی Ms. Crissy Zhao کے اعزاز میں ایک پر تکلف عشائیہ دیا گیا جس میں بڑی تعداد میں پیپر مرچنٹس نے شرکت کی۔ اس موقع پر لی گئی تصاویر میں لیڈر بزنس مین گروپ خامس سعید بٹ، سابق چیئرمین اپیما ملک محمد حنیف، اسد علی ملک، سابق صدر نادرن زون خواجہ محمد الیاس، پشاور سے سپریم آرٹ پریس کے محمد سجاد، مدنی پیپر مارٹ کے محمد ارشاد، ملک جنید، خواجہ کاظم، خواجہ عمّار، محمد سلمان، محمد اکمل، سابق چیئرمین اپیما خواجہ محمد عباس، سلمان شاہ، ملک منور، آئی بی ایم کے جاوید رحیم، محمد عثمان، قدرت اللہ ملک، سعد، سعید، اور دیگر موجود ہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# اسٹیکر، مقامی آفسیٹ پیپر، مقامی ڈپلیکس بورڈ، آرٹ پیپر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ

## ریٹیل مارکیٹ میں لیٹر ہیڈ پیپر اور نیوز پرنٹ پیپر کی قیمتوں میں بھی اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے تیزی دیکھنے میں آئی اور 8 مارچ 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں مقامی آفسیٹ پیپر سپریم مل اور ٹاپ رائیٹر، اسٹیکر پیپر یونگی چائنا، گولڈن ٹیک جی ایس ایف، پاور ٹیک چائنا اور وائی ایم سی چائنا، نیویا آرٹ پیپر گلوس/میٹ، مقامی ڈپلیکس بورڈ لاثانی نیچرل، میگا ٹاپ اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ گیا۔ جبکہ ریٹیل مارکیٹ میں نیوز پرنٹ پیپر سوئیڈن، کلر نیوز پرنٹ اور لیٹر ہیڈ پیپر کی قیمتو میں بھی اضافہ دیکھا گیا۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جوا تار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ نیویا آرٹ پیپر گلوس اور میٹ چائنا تمام سائز 80 گرام، 530 روپے سے بڑھ کر 550 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ لاثانی نیچرل تمام سائز تمام گرام، 185 روپے سے بڑھ کر 186 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 155 روپے سے بڑھ کر 166 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر سپریم مل تمام سائز 52 گرام، 215 روپے سے بڑھ کر 230 روپے، تمام سائز 60 گرام 215 روپے سے بڑھ کر اور تمام سائز 68 گرام، 245 روپے سے بڑھ کر 250 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ٹاپ رائٹر تمام سائز 60 اور 68 گرام، 275 روپے سے بڑھ کر 290 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 1390 روپے سے بڑھ کر 1440 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 1500 روپے سے بڑھ کر 1600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 1400 روپے سے بڑھ کر 1440 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 1550 روپے سے بڑھ کر 1630 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 1400 روپے سے بڑھ کر 1450 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13 ۔ 70 گرام، 1550 روپے سے بڑھ کر 1600 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A-13.5 ۔ 70 گرام، 1600 روپے سے بڑھ کر 1620 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 1360 روپے سے بڑھ کر 1400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 80 گرام، 1450 روپے سے بڑھ کر 1550 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 1650 روپے سے بڑھ کر 1700 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1825 روپے سے بڑھ کر 1925 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئ 70 گرام، 1380 روپے سے بڑھ کر 1400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئ 80 گرام، A4 سائز 1380 روپے سے بڑھ کر 1450 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 5800 روپے سے بڑھ کر 6400 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز، 5600 روپے سے بڑھ کر 6300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز، 5500 روپے سے بڑھ کر 6000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 5600 روپے سے بڑھ کر 6300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 5500 روپے سے بڑھ کر 6000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

## ویبوک سسٹم سے کلیئر کنسائمنٹس کیلئے مینوئل آکشن ریلیز آرڈر کی ضرورت ختم

کراچی (نیوز ڈیسک) کراچی پورٹ ٹرسٹ پر نیلامی کے لئے رکھے ہوئے درآمدی کنسائمنٹس کی ویبوک سسٹم سے کلیئرنس کے بعد کراچی پورٹ ٹرسٹ کے مینوئل آکشن ریلیز آرڈر کی ضرورت کو ختم کردیا گیا ہے اب کراچی پورٹ ٹرسٹ پر کسٹمز کی نیلامی ہولڈ خود بخود ختم ہونے پر درآمدی کنسائمنٹس کلیئر ہوجائے گا اور مینوئل آکشن ریلیز آرڈر کی ضرورت نہیں رہے گی۔ تفصیلات کے مطابق جب ویبوک سسٹم کے ذریعے جی ڈی کی کلیئرنس کا عمل مکمل پر ریلیز کا پیغام ٹرمینل آپریٹر کو پہنچادیا جاتا ہے تو مینوئل آکشن ریلیز آرڈر کی ضرورت ختم جائے گی۔ ایسے تمام کنسائمنٹس جو ویبوک سسٹم کے ذریعے ریلیز کردی گئی ہے اور لاٹ نمبر ٹرمینل آپریٹر کو ارسال کردی گئی ہے ان کنسائمنٹس کو کراچی پورٹ ٹرسٹ کے مینوئل ریلیز آرڈر کی ضرورت ختم ہوجائے گی اور کنسائمنٹس کی کلیئرنس میں کسی قسم کی رکاوٹ نہیں آئے گی۔ جبکہ کراچی پورٹ ٹرسٹ پر نیلامی کے لئے رکھی ہوئی آکشن لاٹ کی جی ڈی کی رپوٹ روزانہ کی بنیاد پر ویبوک سسٹم کے ذریعے تمام شرائط کی تکمیل کے بعد محکمہ کسٹمز کو فراہم کی جائے گی۔

## نادرا دفاتر میں پاسپورٹ کارنرز قائم کئے جائینگے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) قومی کفایت شعاری مہم کے سلسلے میں نئے پاسپورٹ دفاتر کا قیام روک دیا گیا، نادرا دفاتر میں پاسپورٹ کارنرز قائم کئے جائیں گے، وزیراعظم کی ہدایت پر چیئرمین نادرا طارق ملک نے نادرا دفاتر میں پاسپورٹ کارنرز بنانے اور شہریوں کو تمام سہولتیں فراہم کرنے کے اقدامات مکمل کر لئے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34    23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# شرح سود 20 فیصد کردی گئی، اب مہنگائی بڑھے گی پھر بتدریج کم ہوگی، اسٹیٹ بینک کا بیان

کراچی (بزنس ڈیسک) اسٹیٹ بینک نے آئی ایم ایف کے مطالبے پر شرح سود میں 3 فیصد اضافہ کر کے 17 فیصد سے بڑھا کر 20 فیصد کردی ہے اکتوبر 1996 کے بعد ملک میں شرح سود کی یہ بلند ترین سطح ہے۔ جنوری 2022 سے اب تک مرکزی بینک مہنگائی پر قابو پانے کیلئے شرح سود میں 1050 بیسس پوائنٹس کا اضافہ کرچکا ہے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری اعلامیہ میں کہا گیا کہ مانیٹری پالیسی کمیٹی (ایم پی سی) نے جمعرات کو منعقدہ اجلاس میں پالیسی ریٹ کو 300 بیسس پوائنٹس بڑھا کر 20 فیصد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسٹیٹ بینک کا کہنا ہے کہ اگلے چند ماہ میں مہنگائی مزید بڑھے گی اور اس کے بعد اس میں بتدریج کمی آنا شروع ہوگی' جنوری 2023 میں جاری کھاتے کا خسارہ گر کر 242 ملین ڈالر رہ گیا جو مارچ 2021 سے اب تک پست ترین کی سطح ہے۔ مالی استحکام کو لاحق خطرات قابو میں ہیں کیونکہ مالی اداروں کے پاس کافی سرمایہ موجود ہے تاہم نمو پر سمجھوتا کرنا ہوگا' توانائی کی بچت کے اقدامات کی ہنگامی ضرورت ہے' زرمبادلہ کے ذخائر پست سطح پر ہیں اور بیرونی صورت حال کو بہتر بنانے کے لیے مربوط کوششوں کی ضرورت ہے' مہنگائی پر قابو پانا بیحد ضروری ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ جنوری میں اپنے گزشتہ اجلاس میں کمیٹی نے مہنگائی کے منظر نامے کو بیرونی اور مالیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے درپیش قریب المدت خطرات کو اجاگر کیا تھا۔ ان میں سے بیشتر خطرات حقیقت بن گئے ہیں اور فروری کے مہنگائی کے اعداد وشمار میں جزوی طور پر ان کی عکاسی ہوتی ہے۔ قومی مہنگائی بلحاظ صارف اشاریہ قیمت بڑھ کر 31.5 فیصد سال بہ سال ہو چکی ہے جبکہ قوزی مہنگائی فروری 2023 کے دوران شہری باسکٹ میں 17.1 فیصد اور دیہی باسکٹ میں 21.5 فیصد ہوگئی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ اجلاس میں ایم پی سی نے نوٹ کیا کہ حالیہ تبدیلیوں اور ایکسچینج ریٹ میں کمی کے نتیجے میں مہنگائی کے قریب مدتی منظر نامے میں خاصا بگاڑ پیدا ہوا اور مہنگائی کی توقعات میں مزید اضافہ ہوا۔ زری پالیسی بیان کے مطابق اس سال اوسط مہنگائی متوقع طور پر 27 سے 29 فیصد کی حدود میں ہوگی جبکہ نومبر 2022 میں اس کی 21 سے 23 فیصد کی پیشگوئی کی گئی تھی۔ اس تناظر میں ایم پی سی نے زور دیا کہ مہنگائی کی توقعات پر قابو پانا بیحد ضروری ہے اور اس کے لیے مضبوط پالیسی ردعمل چاہیے۔ بیان میں کہا گیا کہ جہاں تک بیرونی شعبے کا تعلق ہے اس حوالے سے ایم پی سی نے نوٹ کیا کہ جاری کھاتے کے خسارے میں نمایاں کمی کے باوجود کمزوریاں برقرار ہیں۔ جنوری 2023 میں جاری کھاتے کا خسارہ گر کر 242 ملین ڈالر رہ گیا جو مارچ 2021 سے اب تک پست ترین کی سطح ہے۔ اس میں بتایا گیا کہ مجموعی طور پر جاری کھاتے کا خسارہ، جو جولائی تا جنوری مالی سال 23 میں 3.8 ارب ڈالر تھا، گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 67 فیصد کم ہے۔ مانیٹری پالیسی بیان میں کہا گیا کہ اس بہتری سے قطع نظر شیڈول کے مطابق قرضوں کی ادائیگی اور مالکاری رقوم کی آمد میں کمی کے ساتھ بڑھتی ہوئی عالمی شرح سود اور ملکی غیر یقینی کی کیفیت زرمبادلہ کے ذخائر اور ایکسچینج ریٹ پر دباؤ ڈال رہی ہیں۔ آئی ایم ایف کے جاری نویں جائزے کی تکمیل سے بیرونی شعبے کے قریب مدتی چیلنجوں سے نمٹنے میں مدد ملے گی۔ مزید برآں ایم پی سی نے بیرونی کھاتوں پر دباؤ کم کرنے اور دیگر شعبوں کی درآمدی ضروریات پوری کرنے کے لیے توانائی کی بچت کے اقدامات کی ہنگامی ضرورت پر زور دیا۔ بیان میں کہا گیا کہ جی ایس ٹی اور ایکسائز ڈیوٹی میں اضافے، سبسڈیز میں کمی، توانائی کی قیمتوں میں ردوبدل اور کفایت شعاری کی مہم سمیت حالیہ مالیاتی اقدامات سے توقع ہے کہ بڑھتے ہوئے مالیاتی اور بنیادی خسارے پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ کمیٹی نے اس بات پر زور دیا کہ قیمتوں میں استحکام کے مقصد کو حاصل کرنے کے حوالے سے کوئی بھی نمایاں مالیاتی زیاں مانیٹری پالیسی کی اثر انگیزی کو نقصان پہنچائے گا۔

## پاکستان میں شرح سود 20 فیصد کی بلند ترین سطح پر آگئی

### ڈیڑھ سال میں اب تک شرح سود میں 13 فیصد اضافہ ہو چکا ہے، فیڈریشن کی تشویش

کراچی: اسٹیٹ بینک نے شرح سود میں اضافہ کرتے ہوئے 17 فیصد سے بڑھا کر 20 فیصد کردیا۔ اسٹیٹ بینک نے مانیٹری پالیسی کا اعلامیہ جاری کرتے ہوئے شرح سود میں 3 فیصد اضافہ کردیا۔ اس 3 فیصد اضافے سے شرح سود ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح 20 فیصد پر آ گئی۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق شرح سود کو بڑھانے کا مقصد افراط زر میں اضافے اور مالیاتی استحکام کو لاحق خطرات کو روکنا ہے، جبکہ نئے انفلوز آنے میں تاخیر کا سامنا ہے جس سے ذخائر پر دباؤ بڑھ رہا ہے۔ آئی ایم ایف نے بھی پاکستان سے شرح سود بڑھانے کا مطالبہ کیا تھا۔ اسٹیٹ بینک نے گزشتہ صرف 17 مہینوں میں شرح سود میں 13 فیصد اضافہ کیا ہے۔ خدشہ اس بات کا ہے کہ آنے والے دنوں میں معاشی مشکلات میں مزید اضافہ ہوگا کیونکہ شرح سود میں جس تیزی سے اضافہ کیا گیا ہے، اس کی مثال گزشتہ کئی دہائیوں میں نہیں ملتی۔ وفاق ایوان ہائے صنعت وتجارت پاکستان نے شرح سود میں اضافے کو کاروبار اور معاشی ترقی مخالف قرار دیا ہے۔ ایوان نے اس پر گہری مایوسی اور تشویش کا اظہار کیا ہے۔

## درآمدی ٹشو پیپر سمیت درجنوں اشیاء پر 25 فیصد سیلز ٹیکس کے نفاذ کی تیاری مکمل

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) فنانس سپلیمنٹری ایکٹ 2023 کے ذریعے بعض درآمدی اور دیگر لگژری آئٹمز پر 25 فیصد جنرل سیلز ٹیکس لگانے کے اختیارات حاصل کرنے کے بعد فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے لگژری آئٹمز کی نشاندہی کی ہے، جن میں مختلف برانڈ کا پانی، جوسز، امپورٹڈ کاریں شامل ہیں جبکہ موبائل فون اور درجنوں دیگر درآمدی سامان پر 25 فیصد جی ایس ٹی لگایا جائے گا، حکومت 1800 سی سی اور اس سے زیادہ کی مقامی طور پر تیار کی جانے والی لگژری گاڑیوں پر 25 فیصد جی ایس ٹی کی شرح بھی عائد کرے گی۔ وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق درآمدی لگژری آئٹمز اور مقامی طور پر تیار کی جانے والی کاروں پر 25 فیصد جی ایس ٹی کی بڑھی ہوئی شرح کو لاگو کرنے کے لیے وفاقی کابینہ ایف بی آر کی سمری کو سرکولیشن کے ذریعے منظوری دے گی پھر باضابطہ نوٹیفکیشن آنے والے دنوں میں جاری کیا جائے گا جبکہ ایف بی آر کا تخمینہ ہے کہ وہ رواں مالی سال کے بقیہ چار ماہ کی مدت میں 25 فیصد کی اضافی جی ایس ٹی کی شرح کے ذریعے 7 ارب روپے اضافی ٹیکس جمع کرے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ جلد از جلد وفاقی کابینہ سے منظوری حاصل کرنے کا امکان ہے تاکہ کوئی بھی دن ضائع کیے بغیر اسے عملی شکل دی جاسکے۔ حکومت نے جن اشیاء پر سیلز ٹیکس لگانے کی تیاری کی ہے ان میں مختلف برانڈ کے پانی اور جوسز، آٹو مکمل طور پر بنائے گئے یونٹس، سینیٹری اور باتھ روم کے سامان، قالین، فانوس اور روشنی کے آلات، چاکلیٹ، سگریٹ، کنفیکشنری آئٹمز، کارن فلیکس وغیرہ کی درآمد پر 25 فیصد جی ایس ٹی لگانے پر غور کر رہی ہے۔ کاسمیٹکس، شیونگ آئٹمز، ٹشو پیپرز، کراکری، سجاوٹ کے آلات، کتے اور بلی کا کھانا، دروازے اور کھڑکیوں کے فریم، مچھلی، جوتے، پھل اور خشک میوہ جات، فرنیچر، گھریلو سامان، آئس کریم، جیمز، جیلیاں اور محفوظ پھل، پرتعیش چمڑے کی جیکٹس اور ملبوسات، گدے اور سلیپنگ بیگ، منجمد یا پراسیس شدہ گوشت، موبائل فون، موسیقی کے آلات، پاستا وغیرہ، شیمپو، چشمے، کیچپ اور چٹنی، سفری بیگ اور سوٹ کیس شامل ہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# موڈیز نے پانچ بڑے پاکستانی بینکوں کی کریڈٹ ریٹنگ کم کردی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) موڈیز انویسٹرز سروس نے پاکستان کے پانچ بڑے بینکوں کی کریڈٹ ریٹنگ کم کردی۔ ذرائع کے مطابق ملک میں جاری بحران کے اثرات مسلسل ظاہر ہورہے ہیں، کریڈٹ ریٹنگ کے عالمی ادارے موڈیز نے 3 مارچ 2023 کو پانچ بڑے بینکوں کی طویل مدتی ڈپازٹ ریٹنگ Caa1 سے کم کرکے Caa3 کردی۔ ان بینکوں میں ایچ بی ایل، نیشنل بینک آف پاکستان، یو بی ایل، الائیڈ بینک لمیٹڈ اور ایم سی بی بینک شامل ہیں۔ موڈیز نے پانچ بینکوں کی طویل مدتی فارن کرنسی کاؤنٹر پارٹی رسک ریٹنگ (سی آر آرز) بھی Caa1 سے کم کرکے Caa3 کردی ہے۔ بینکوں کی بیس لائن کریڈٹ اسسمنٹ ریٹنگ بھی کم کردی گئی، پانچوں بینکوں کی طویل مدتی لوکل کرنسی کاؤنٹر پارٹی رسک ریٹنگ اور کاؤنٹر پارٹی رسک اسسمنٹ بھی B3 سے کم کرکے Caa2 کردی گئی۔ موڈیز نے اس سے قبل سرمائے کی دستیابی، بیرونی قرض اور واجبات کی خراب صورتحال کے باعث نادہندگی کے خدشات کو مدنظر رکھتے ہوئے پاکستان کی ایشور اینڈ سینئر ان سیکیورڈ قرضوں کی ریٹنگ بھی Caa1 سے کم کرکے Caa3 کردی تھی، پاکستان کے بڑے بینکوں کی ریٹنگ میں کمی پاکستان میں معاشی بحران کی وجہ سے بینکاری کے لیے کمزور ماحول کی نشاندہی کرتی ہے۔ ماہرین کے مطابق پاکستان کے پانچ بڑے بینک حکومتی ضمانت سے لیے گئے بیرونی قرضوں میں بڑا حصہ رکھتے ہیں اور معاشی بگاڑ اور پاکستان کی بیرونی ادائیگیوں کی صلاحیت میں کمی سے بینکوں کی بیلنس شیٹس بھی متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ حکومت کے پاس سرمائے کی کمی، معیشت کو لاحق بیرونی خطرات میں اضافہ، زرمبادلہ کے ذخائر میں تشویشناک حد تک کمی اور طوفانی رفتار سے بڑھنے والی مہنگائی جس میں بجلی مہنگی ہونے اور سبسڈی کے خاتمہ سے مزید شدت آنے کا خدشہ ہے۔ ان عوامل کی وجہ سے عوام کے اخراجات میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے اور بینکوں کے قرض داروں کی قرض لوٹانے کی صلاحیت ان تمام عوامل کی وجہ سے کافی حد تک متاثر ہورہی ہے۔ موڈیز نے بینکوں کی ریٹنگ کم کرنے میں بھی قرض داروں کی قرض لوٹانے کی صلاحیت میں کمی کو اہم جواز قرار دیا ہے جس سے بینکوں کے اثاثہ جات کا معیار اور آمدن متاثر ہونے کے ساتھ کیپٹل کی صورتحال اور ممکنہ طور پر مالیاتی استحکام کو خطرہ لاحق ہوسکتا ہے۔ ان عوامل کی وجہ سے کسی ملک کا میکرو پروفائل بھی بہت کمزور پلس (Very Weak+) سے بہت کمزور (Very Weak) ہوجاتا ہے۔

# آڈٹ ونگز ٹیکس دہندگان کے بینک اکاؤنٹس منسلک کررہے ہیں

لاہور (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے آڈٹ ونگ ٹیکس دہندگان کے بینک اکاؤنٹس منسلک کرنے سے متعلق قانون کی خلاف ورزی کررہے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق آڈٹ ونگز بھی ٹریبونلز کی طرف سے ٹیکس دہندگان کو دی گئی ریلیف کو شکست دینے میں ملوث پائے گئے ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ آڈٹ ونگز کے طریقہ کار نے تجویز کیا کہ وہ ٹیکس دہندگان کو ہراساں کرنے میں انفورسمنٹ ونگز کے ساتھ مل کر کام کررہے ہیں کیونکہ جب بدقسمت ٹیکس دہندگان کو لاکھوں روپے کے جعلی ٹیکس ڈیمانڈز کے خلاف ڈیمانڈ نوٹسز کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو اٹیچمنٹ کی کارروائی شروع کی جاتی ہے۔ ان کی طرف سے زیادہ تر معاملات میں، ٹیکس دہندگان ابھی تک جعلی مطالبات کو چیلنج کرنے میں مصروف ہیں جب آڈٹ ونگز اپنے بینکوں کو ان کے بینک کھاتوں میں پڑی رقم محکمہ کے حوالے کرنے کی ہدایت کرتے ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ آڈٹ ونگز ٹیکس دہندگان سے متنازعہ رقم نکالنے کے لیے بینک اکاؤنٹس کو منسلک کرنے کے لیے طے شدہ طریقہ کار کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ایسی مشقیں کرتے ہیں۔ تاجروں کے مطابق طریقہ کار کے مطابق، محکمہ ٹیکس دہندگان کو ایک مقررہ فارم میں نوٹس دینے کا پابند ہے جس میں اسے متنضاد مدت کے اندر متنازعہ رقم ادا کرنے کا مطالبہ کیا جائے گا، جس میں ناکامی پر ایک اور موقع مل سکتا ہے۔ اگر کوئی ٹیکس دہندہ ان نوٹسز کا جواب دینے میں ناکام رہتا ہے، تب ہی آڈٹ ونگ صرف اس کا بینک اکاؤنٹ منسلک کرسکتا ہے یا اس کی منقولہ یا غیر منقولہ جائیداد فروخت کرسکتا ہے، وصول کنندہ مقرر کرسکتا ہے اور ٹیکس دہندہ کو چھ ماہ کے لیے گرفتار بھی کرسکتا ہے۔ تاہم، ٹیکس دہندگان کو اس طرح کا کوئی نوٹس نہیں دیا جاتا ہے اور محکمہ متنازعہ رقم کو براہ راست اس کے بینک اکاؤنٹ سے نکالنے کو ترجیح دیتا ہے، جو کہ ٹیکس دہندگان کے خلاف منصفانہ ٹرائل اور مناسب عمل کے حق سے انکار کرنے کے لیے امتیازی سلوک ہے۔ تاجروں نے مزید نشاندہی کی کہ آڈٹ ونگز پر طریقہ کار پر عمل کرنا لازمی ہے، خاص طور پر جب متعلقہ فیلڈ فارمیشن کی جانب سے بنائی گئی جعلی ڈیمانڈ کے خلاف اپیل پہلے ہی زیر التوا ہو۔ ٹیکس پریکٹیشنرز نے مزید نشاندہی کی ہے کہ یہ اچھی طرح سے طے شدہ قانون ہے کہ کسی ایکٹ کو کسی خاص طریقے سے کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اسے اسی طریقے سے کیا جانا چاہئے۔ تاہم محکمانہ ذرائع کا خیال ہے کہ ایسے کسی بھی نوٹس پر عمل درآمد صرف اس صورت میں لازمی ہے جہاں اٹیچمنٹ اور سیلز لاگو کیے جائیں اور ٹیکس کی ذمہ داری کی وصولی کے لیے بینک اکاؤنٹ کو آسان منسلک کرنا قانون کی مذکورہ شق کے تحت نہیں آتا۔ لیکن یہ دلیل اعلیٰ عدالتوں کے سامنے اپنی ٹانگوں پر کھڑی ہونے میں ناکام رہتی ہے جہاں منصفانہ ٹرائل اور مناسب عمل کا اصول ایسے تمام بہانوں کو مات دیتا ہے۔ اس سلسلے میں ایک تازہ ترین واقعہ سامنے آیا ہے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے محکمہ ان لینڈ ریونیو نے ٹیکس ریکوری کے لئے تمام حدیں پار کرتے ہوئے اسٹے آرڈر کے باوجود ایک ٹیکس پیئر کے بینک اکاؤنٹ کو منجمد کرکے بڑی رقم نکلوانے کی کوشش کی۔ جبکہ اسٹے آرڈر میں واضح تحریر کیا ہوا تھا کہ ٹیکس پیئر کے خلاف کسی بھی قسم کی سخت کارروائی نہ کی جائے۔ ایک ٹیکس پیئر کی جانب سے یہ شکایت وفاقی ٹیکس محتسب کو جمع کروائی گئی۔ اس شکایت میں ٹیکس پیئر نے الزام لگایا کہ آرٹی او راولپنڈی نے یکطرفہ کارروائی کرتے ہوئے 27 اکتوبر 2021ء کو ایک ڈیمانڈ آرڈر جاری کیا جس کے تحت ٹیکس پیئر کے خلاف تقریباً 82 لاکھ روپے کے واجب الادا دکھائے گئے۔ ٹیکس پیئر نے اس آرڈر کے خلاف کمشنر ان لینڈ ریونیو (اپیلز III) میں 24 جنوری 2023 کو کیس درج کروایا اور اپیل کی کہ اس آرڈر کے خلاف اسٹے جاری کیا جائے۔ جس پر کمشنر اپیل نے ٹیکس پیئر کو اس متنازعہ ٹیکس ڈیمانڈ پر اسٹے آرڈر 24 جنوری 2023 کو جاری کردیا۔ ٹیکس پیئر کا مزید کہنا ہے جس دن اسٹے آرڈر جاری ہوا اسی دن اس کی کاپی بینک منیجر اور ٹیکس حکام کو فراہم کردی گئی۔ البتہ اسی دن ٹیکس حکام بینک میں دن 3.45 بجے پہنچے اور بینک منیجر سے 82 لاکھ روپے کی ریکوری کے لئے پے آرڈر بنانے کا کہا۔ بینک منیجر نے ٹیکس حکام کو آگاہ کیا کہ رقم متنازعہ ہے اور اس پر اسٹے موجود ہے لیکن ٹیکس حکام نے یقین دہانی کروائی کہ اگر شام 5 بجے تک اسٹے کی کاپی موصول ہوجاتی ہے تو اس کو کیش نہیں کروایا جائے گا۔ ٹیکس پیئر کا کہنا تھا کہ اسٹے آرڈر موجود ہونے کے باوجود ٹیکس حکام نے نیشنل بینک میں اس پے آرڈر کو کیش کروانے کے لئے جمع کروادیا البتہ فیصل بینک نے اس کو کلیئر کرنے سے انکار کردیا کیونکہ ان کے پاس اسٹے آرڈر موجود تھا۔ جس کے بعد 25 جنوری 2023 کو یہ پے آرڈر کمشنر اپیل کے پاس جمع کروادیا گیا۔ وفاقی ٹیکس محتسب کو ٹیکس آفس کی جانب سے جمع کروائے گئے جواب میں کہا گیا کہ ٹیکس پیئر کے خلاف کارروائی انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 140 کے تحت 23 جنوری 2023 کو کی گئی۔ ٹیکس آفس کا کہنا تھا کہ اس وقت ٹیکس پیئر کی جانب سے کوئی اپیل فائل نہیں کی گئی تھی۔ ٹیکس حکام نے وفاقی ٹیکس محتسب سے اس کیس پر کارروائی پر بھی سوال اٹھائے کہ یہ پہلے ہی کمشنر اپیل کے پاس اس کیس کی کارروائی چل رہی ہے۔ وفاقی ٹیکس محتسب نے اس کیس میں حکم جاری کیا کہ ٹیکس حکام کو اسٹے آرڈر کے مطابق کام کرنا چاہئے جبکہ اسٹے آرڈر کی خلاف ورزی قانون کی خلاف ورزی ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# بغیر جانچ پڑتال کے خرید فروخت: جیولرز و پراپرٹی ڈیلرز پر بھاری جرمانے عائد ہونگے

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) بغیر جانچ پڑتال جائیداد جیولری کی خرید فروخت کرنے والے جیولرز و پراپرٹی ڈیلرز پر بھاری جرمانوں کا فیصلہ کرلیا گیا۔ وفاقی حکومت نے گاہکوں کی جانچ پڑتال کئے بغیر جائیداد اور جیولری کی خرید فروخت کرنے والے مشکوک لوگوں وگاہکوں بارے فنانشل مانیٹرنگ یونٹ اور ایف بی آر کے ڈائریکٹریٹ جنرل آف ڈی این ایف بی پیز کو رپورٹ نہ کرنے والے جیولرز، رئیل اسٹیٹ ایجنٹس و پراپرٹی ڈیلرز اور اکاؤنٹنٹس پر بھاری جرمانے اور پابندیاں عائد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ایف بی آر نے 10 کروڑ روپے تک کے جرمانے وٹیکسوں کی ریکوری کیلئے ڈائریکٹریٹ جنرل آف ڈی این ایف بی پیز کو جیولرز، رئیل اسٹیٹ ایجنٹس و پراپرٹی ڈیلرز اور اکاؤنٹنٹس کے بینک اکاؤنٹس و منقولہ وغیر منقولہ جائیدادیں ضبط کرنے اور گرفتار کرنے کے اختیار دیدیئے ہیں۔ ایف بی آر کے مطابق جرمانے کی ریکوری انکم ٹیکس رولز 2002 کے تحت کی جائے گی البتہ ان رولز میں اینٹی منی لانڈرنگ کے قوانین ک و مدنظر رکھتے ہوئے ترامیم کی گئی ہیں۔ ایف بی آر نے اس سلسلے میں ایس آر او 290 جاری کردیا ہے۔ ایف بی آر کا کہنا ہے کہ وفاقی حکومت نے ٹیکس حکام کو اینٹی منی لانڈرنگ کے قوانین کے تحت کاروائی کا اختیار دے رکھا ہے، یہ قوانین جیولرز، رئیل اسٹیٹ ایجنٹس اور اکاؤنٹنٹ کے لئے ہے جو کہ کسی ایسوسی ایشن کے ممبر نا ہوں۔ ایف بی آر کے مطابق ان قوانین کے تحت غیر مالیاتی کاروبار اور سروسز کی نشاندہی کی گئی ہے جبکہ یہ قوانین فنانشل ایکشن ایکٹ فورس کی اہم شرائط میں سے ایک ہے۔ پاکستان میں رئیل اسٹیٹ ایجنٹس اور جیولرز کے لین دین کے دستاویزات نہ ہونے کی وجہ سے ان کے کاروبار میں منی لانڈرنگ اور دہشت گردی کی فنانسنگ کے بہت زیادہ مواقع موجود ہیں، لہٰذا ایف اے ٹی ایف کی شرائط کے مطابق حکومت کو جیولرز اور رئیل اسٹیٹ ایجنٹس کی کاروباری ٹرانزیکشن کو دستاویزی کرنا ضروری تھا، حکومت نے اینٹی منی لانڈرنگ اور دہشت گردی میں معاونت کے خلاف کاروائی کے اختیارات ایف بی آر کو دیدیئے، ایف بی آر نے گزشتہ تین سال کے دوران اس میں بہت پیش رفت کی ہے۔ ایف بی آرذرائع کا کہنا ہے کہ اس میں متعدد کیسوں پر کاروائی مکمل ہوچکی ہے جس میں ریکوری کرنا مقصد ہے، لہٰذا ایف بی آر نے اب نئے ایس آر او کے ذریعے اس کی ریکوری کے لئے قانون نافذ کردیا ہے۔

## عبدالقادر میمن ڈی جی پوسٹ کلیئرنس آڈٹ تعینات

